F. 6-4 (Edit) /2018 NCPUL Press release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 03/08/2019

قومی اردو کونسل کا ذیلی دفتر حیدرآباد کے محبان اردو کے لیے ایک تحفہ: ڈاکٹر شیخ عقیل احمد

قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر کا حیدرآباد دورہ۔اردو پروگراموں کے لیے دفتر کے ہال کو مفت دینے کا اعلان

حیدرآباد۔قومی اردو کونسل کے ذیلی دفتر کو بہت جلد فعال کیا جائے گا۔قومی اردو کونسل بھی یہاں ہرسال اردو سے متعلق ایک بڑے پروگرام کا انعقاد کرے گی۔ یہاں ایک ریڈنگ روم بھی بنایا جائے گا جس میں مقامی لوگ اخبارات ورسائل اور کونسل کی مطبوعات کا مطالعہ کرسکیں گے۔ دفتر کے ہال کو بھی اردو زبان وادب سے متعلق سرگرمیوں اور تقریبات کے لیے کھول دیا جائے گا۔حیدرآبادیوں تو اردو زبان وادب کا گہوارہ ہے لیکن ہم چاہتے ہیں کہ یہاں کے مقامی اردو والے فروغ اردو کی ہماری کوششوں میں تعاون کریں اور قومی اردو کونسل کے ذیلی مرکز تشریف لائیں۔ یہاں موجود کتابوں سے استفادہ کریں اور اپنے پروگرام وتقریبات کا اہتمام ہمارے ہال میں کریں تاکہ ہمارا مرکز اردو سے متعلق سرگرمیوں میں مصروف رہے۔ہم اپنا ہال اردو سے متعلق پروگراموں کے لیے مفت فراہم کریں گے۔قومی اردو کونسل نے ادب اطفال، زبان وادب، تعلیم وتربیت، فلسفہ، تاریخ، طب، سائنس جیسے مختلف موضوعات پر تقریباً 1400 کتابیں شائع کی ہیں، یہ کتابیں حیدرآباد کے دفتر سے خریدی جاسکتی ہیں۔اسکولوں کالجوں کے اساتذہ سے درخواست ہے کہ وہ بچوں کی دنیا اور خواتین دنیا خرید کر اس سے فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔کونسل کے چاروں رسائل بھی یہاں پابندی سے آتے ہیں، انھیں بھی مطالعہ میں رکھا جاسکتا ہے۔قومی اردو کونسل کا ذیلی دفتر حیدرآباد کے محبان اردو کے لیے ایک تحفہ ہے اس سے اہل حیدرآباد کو فیضیاب ہونا چاہیے۔ یہ باتیں قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے آج حیدرآباد میں اپنے ایک بیان میں کہیں۔انھوں نے مزید کہا کہ ہمارا دفتر حیدرآباد میں چارمینار کے قریب واقع ہے اور ایسی جگہ پر ہے جہاں قرب وجوار میں ایک بڑی اردو آبادی رہتی ہے۔ہم حیدرآباد کے اردو والوں سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ قومی اردو کونسل کی اسکیموں سے فائدہ اٹھائیں اور مزید معلومات کے لیے وہ ہمارے دفتر آسکتے ہیں۔ اردو سے متعلق ہماری تمام اسکیموں کی جانکاری ہمارے دفتر سے حاصل کی جاسکتی ہے ساتھ ہی ہماری ویب سائٹ پر بھی تمام تفصیلات موجود ہیں۔ ہمارے دفتر کے آڈیٹوریم میں بچوں اور خواتین سے متعلق پروگراموں کا بھی انعقاد کیا جاسکتا ہے۔ یہاں کے صحافیوں سے اپیل ہے کہ وہ بھی ہمارے دفتر سے فائدہ اٹھائیں اور اپنے پروگرام اور تربیتی ورکشاپ کا یہاں اہتمام کریں۔حیدرآباد میں قومی اردو کونسل کے کمپیوٹر اور کیلی گرافی کے بھی مراکز چل رہے ہیں ان سے بھی مستفید ہوا جاسکتا ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ نئی نسل میں اردو کا فروغ ہو اور قومی اردو کونسل حیدرآباد کے ہر گھر میں اردو کو پھلتا پھولتا دیکھنا چاہتی ہے۔اردو آپ کی قیمتی ثقافت کا آئینہ ہے، اس کی بقا کی کوشش میں ہمارا ساتھ دیں۔ ایک پروگرام کے دوران آل انڈیا اردو ماس سوسائٹی فار پیس کے صدر ڈاکٹر مختار احمد فردین نے گائڈنس اسکول کے بچوں کے لیے کونسل کے رسالے بچوں کی دنیا کی 50 کاپیاں خریدنے کا بھی اعلان کیا۔

(رابطہ عامہ سیل)